10-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندر مودی آسٹریلیا کا اپنا تاریخی سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد نیوزی لینڈ کے لئے روانہ ہوئے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کھمم میں ایک ریالی کے دوران رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت ایک ہزار 9 کروڑ 15 لاکھ روپے جاری کئے۔

۳۔ بنڈی سنجے نے اویسی کالج کو ہائیڈرا کی کارروائی سے بچانے کا الزام لگاتے ہوئے کانگریس پر شدید تنقید کی۔

۴۔کونڈا سریکھا نے بونال تہوار کے انتظامات کا جائزہ لیا اور حیدرآباد کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی ستائش کی۔

SANJAY JAJU:

تلنگانہ کے چیف سکریٹری سنجے جاجو نے آج سکریٹریٹ میں صنعت وتجارت محکمہ کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں بھارت فیوچر سٹی، ظہیرآباد انڈسٹریل سٹی اور کاکتیا میگا ٹیکسٹائل پارک جیسے اہم صنعتی بنیادی ڈھانچہ کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عالمی معیار کا بنیادی ڈھانچہ فراہم کر کے تلنگانہ کو ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لئے ایک ترجیحی مقام بنایا جائے، تاکہ نوجوانوں کے لئے روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں۔ چیف سکریٹری نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور مختلف محکموں کے درمیان موثر تال میل برقرار رکھا جائے۔

DESK

SATAVAHANA

ریاستی وزراء پونم پربھاکر اور وویک وینکٹا سوامی نے حسن آباد کے اُماپور میں ساتاواہنا یونیورسٹی انجینئرنگ کالج کی نئی عمارتوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔ پونم پربھاکر نے بتایا کہ طلبہ کے ہاسٹل کی تعمیر کے لئے 15 کروڑ روپے کی انتظامی منظوری دی گئی ہے اور اس منصوبہ کو ایک سال کے اندر مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے انجینئرنگ، قانون اور فارمیسی کالجوں کی منظوری بھی دی ہے، اس کے ساتھ ہی ایک ایڈوانسڈ ٹریننگ سنٹر قائم کیا جارہا ہے تاکہ خطہ میں تکنیکی تعلیم کو فروغ ملے اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کئے جاسکیں۔

DESK

YADADRI

بھونگیر کے رکن اسمبلی، کے انیل کمار ریڈی نے یادادری بھونگیر ضلع کے گڈور گاؤں میں دو کروڑ 75 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے نئے مارکٹ گودام کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس گودام میں ڈھائی ہزار میٹرک ٹن زرعی پیداوار ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہوگی، جس سے کسان اپنی فصل کو سائنٹفک طریقہ سے محفوظ رکھ سکیں گے اور مناسب قیمت حاصل کرنے میں انہیں مدد ملے گی۔ یہ منصوبہ ریاستی حکومت کے کسان دوست اقدامات کا حصہ ہے۔

PTC/YB

YUVA BHARAT

مرکزی حکومت کے 'میرا یووا بھارت' پروگرام کے تحت ضلع میدک کے یوتھ اینڈ اسپورٹس آفیسر رنجیت ریڈی نے بتایا ہے کہ 18 سے 29 سال کی عمر کے ایسے نوجوانوں سے رضاکارانہ خدمات کے لئے درخواستیں طلب کی جارہی ہیں جنہوں نے کم از کم دسویں جماعت کامیابی سے مکمل کیا ہو۔

منتخب امیدوار دو سال کی مدت کے لئے صحت اور خواندگی سے متعلق عوامی بیداری مہمات کی قیادت کریں گے اور انہیں ماہانہ 25 ہزار روپے اسٹائی فنڈ دیا جائے گا۔ دلچسپی رکھنے والے امیدوار مزید معلومات کے لئے سدی پیٹ دفتر سے فون نمبر 9650889829 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

PTC/MDK

PACS

یادادری بھونگیر ضلع کے آلیر اسمبلی حلقہ کے سات منڈلوں میں پرائمری زرعی قرضہ جاتی سوسائٹیز (PACS) کی نئی انتظامی کمیٹیوں کی حلف برداری تقاریب آج منعقد ہوئیں۔ سرکاری وہپ اور آلیر کے رکنِ اسمبلی بی ایلیا نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے نومنتخب کمیٹیوں پر زور دیا کہ وہ کسانوں کو قرضوں، کھاد اور فصلوں کی خریداری سے متعلق خدمات شفاف انداز میں فراہم کرتے ہوئے شعبہ کو مزید مستحکم بنائیں۔

PIC/YB

DRUG RULES

مرکزی حکومت نے ڈرگز رولز 1945 میں ترمیم کی ہے۔ اس ترمیم کے تحت شیڈول کے، کے تحت لائسنس سے حاصل استثنیٰ کو اُن ادویاتی فارمولیشنز کے لیے ختم کر دیا گیا ہے جن میں 12 فیصد سے زائد ایتھائل الکحل موجود ہو اور جن کا حجم 30 ملی لیٹر سے زیادہ ہو۔ اس اقدام کا مقصد ان ادویات کے نشہ آور اشیا کے طور پر غلط استعمال کو روکنا ہے۔

NSD

PM-AUS:

وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے دورہ آسٹریلیا کے اختتام پرآسٹریلیا کے وزیراعظم انتھونی البانیز اور وہاں کے عوام کی پرتپاک مہمان نوازی پرشکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ اس دورہ کے نتائج سے دونوں مما لک کے باہمی تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں اورتعاون کے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں جن سے دونوں مما لک اور عالمی برادری کوفائدہ پہنچے گا۔

NSD

ENERGY

مرکزی وزیر برائے نئ وقابلِ تجدید توانائی پر ہلاد جوشی نے آج کہا کہ ملک کی بجلی کی ضرورت کا50 فیصد سے زیادہ حصہ دوسری مرتبہ صاف توانائی کے ذرائع سے پورا کیا گیا ہے۔انہوں نے سوشل میڈیاپرایک پوسٹ میں بتایا کہ رواں ماہ کی 6 تاریخ کوقابل تجدید توانائی کے ذرائع نے مجموعی بجلی کی فراہمی میں 50 اعشاریہ 2 فیصد حصہ ڈالا۔وزیر نے اسے ہندوستان کے صاف توانائی کےنظام کی بڑھتی ہوئی مضبوطی اورقابل اعتماد ہونے کا ثبوت قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان تیز رفتاراور پختہ عزم کے ساتھ پائیدارترقی کی جانب گامزن ہے۔

NSD

PM VISIT

وزیراعظم نریندر مودی آسٹریلیا کا اپنا تاریخی سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد نیوزی لینڈ کے لئے روانہ ہوئے۔اس دورہ کے دوران ہندوستان اورآسٹریلیا کے درمیان جامع اسٹراٹیجک شراکت داری کومزید مضبوط بنایا گیا۔اہم پیش رفت میں جامع اقتصادی تعاون کے معاہدہ (CECA) پر مذاکرات میں تیزی لانے،آسٹریلیا سے ہندوستان کو یورینیم کی فراہمی کے انتظام کوحتمی شکل دینے

اور آزاد و کھلے انڈو پیسیفک کے لئے بحری سلامتی کا مشترکہ روڈ میپ اختیار کرنے پر اتفاق شامل ہے۔ دورہ کے دوران ملبورن کے مارویل اسٹیڈیم میں ہندوستانی نژاد برادری کے ایک بڑے پروگرام سے خطاب کیا گیا۔ آسٹریلوی اپوزیشن کی جانب سے دوطرفہ تعاون کی حمایت کا اظہار کیا گیا، جبکہ ملبورن کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلوں کے شعبہ میں تعاون کے لئے ایک نئے روڈ میپ کا بھی آغاز کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک اہم پیش رفت کے تحت اعلان کیا گیا کہ آسٹریلین بگ بیش لیگ کے آئندہ سیزن کا افتتاح رواں برس دسمبر میں چینائی سے کیا جائے گا۔

NSD

WHATSAPP

سوشل میڈیا پلیٹ فارم واٹس ایپ نے یوزر نیمز (Usernames) فیچر کے نفاذ کے سلسلہ میں حکومت کو اپنا جواب پیش کر دیا ہے۔ وزارتِ الیکٹرانکس اور انفارمیشن تکنالوجی کے ذرائع کے مطابق، میٹا کی ملکیت والے اس سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا جواب گزشتہ رات موصول ہوا، جس کا فی الحال جائزہ لیا جارہا ہے۔

NSD

BONALU

ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے آج گولکنڈہ قلعہ میں بونال تہوار کے انتظامات کے سلسلہ میں ایک رابطہ اجلاس کی صدارت کی۔ یہ تہوار 16 جولائی سے شروع ہوگا۔ انہوں نے حیدرآباد کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور ثقافتی ورثہ کو اجاگر کرتے ہوئے متعلقہ محکموں، جن میں جی ایچ ایم سی، پولیس، محکمہ بجلی اور محکمہ صحت شامل ہیں، کو ہدایت دی کہ لاکھوں عقیدت مندوں کی آمد کے پیش نظر باہمی تال میل کے ساتھ تمام انتظامات مکمل کئے جائیں۔ وزیر نے ٹریفک کی روانی، پارکنگ، بیریکیڈنگ، بلاتعطل بجلی

کی فراہمی، صفائی، موبائل بیت الخلاء، پینے کے پانی کی فراہمی، چوبیس گھنٹے طبی کیمپوں اور 108 ایمبولینس خدمات کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔انہوں نے بچوں، بزرگوں اور حاملہ خواتین کی خصوصی حفاظت پر بھی زور دیا۔اس کے علاوہ حفاظتی انتظامات کی نگرانی کے لئے ایک خصوصی پولیس کنٹرول روم قائم کیا جائے گا۔وزیر کونڈا اسریکھا نے تہوار کا پوسٹر اور معلوماتی کتابچہ بھی جاری کئے اور مندر میں تلنگانہ کی خوشحالی کے لئے دعا کی۔

DESK

KALESHWARAM

بی جے پی رکنِ پارلیمنٹ ایٹالا راجندر نے حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ دوسروں کی لکھی ہوئی اسکرپٹ کے مطابق بات نہیں کرتے بلکہ اپنے ضمیر کی آواز پر چلتے ہیں۔انہوں نے کالیشورم منصوبہ کے حوالہ سے ان کے خلاف کئے گئے غیر شائستہ تبصروں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سیاست دانوں کو عوام کی زندگیوں سے کھیلنے سے گریز کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ وہ برسوں سے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف جدوجہد کرتے رہے ہیں اور انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت نے این ڈی ایس اے سے متعلق انتباہ کے باوجود مناسب اقدامات نہیں کئے۔انہوں نے کہا کہ کسانوں کو آبپاشی کا پانی فراہم کرنا وزیر اعلیٰ کی ذمہ داری ہے اور تجویز دی کہ فصلوں کو خشک ہونے سے بچانے کے لئے انارم اور سندیلا بیاریج کے موثر استعمال کے سلسلہ میں ریٹائرڈ انجینئروں سے مشورہ لیا جائے۔

DESK

NIRMAL

ضلع نرمل کے ایڈیشنل کلکٹر بی وینکٹیشورلو نے تاروڑا میں جامع ترقیاتی منصوبہ بندی سے متعلق تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دیہی علاقوں میں صاف صفائی کو بہتر بنانے میں سرپنچوں کا کردار نہایت اہم ہے۔انہوں نے سرپنچوں اور پنچایت سکریٹریوں پر زور دیا کہ وہ الگ الگ کیئے گئے کچرے کی موثر طریقہ سے نگرانی اور جمع کرنے کو یقینی بنائیں تا کہ دیہات کو صاف ستھرا رکھا جاسکے۔

PTC/NRML

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے حیدرآباد کو کونڈا پور میں سیمی کنڈکٹر تیار کرنے والی کمپنی Kandou اے آئی کے انڈیا چپ ڈیزائن ہیڈکوارٹر کا افتتاح کیا۔ یہ مرکز نوجوان انجینئروں کے لئے اعلیٰ معیار کے روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ حیدرآباد تکنالوجی ہب کے طور پر تیزی سے ابھر رہا ہے اور اس نئے مرکز سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نے حیدرآباد میں دستیاب باصلاحیت افرادی قوت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یہ نیا مرکز کمپنی کے عالمی انجینئرنگ نیٹ ورک کو مزید مضبوط بنائے گا۔

DESK

BANDI

بی جے پی کے لیڈر بنڈی سنجے کمار نے کانگریس حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت نے حیدرآباد میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران امتیازی رویہ اختیار کیا ہے اور اویسی کالج کو ہائیڈرا کی کارروائی سے بچانے کا الزام لگایا۔انہوں نے سوال کیا کہ آیا حکومت کمزور نصب الین کا شکار ہے یا پھر اس میں سیاسی عزم کی کمی ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو

پارٹی کارکن کانگریس قائدین کے لئے مفت آنکھوں کے معائنہ کے کیمپ منعقد کریں گے۔ بنڈی سنجے نے سیاسی مصلحتوں کے مطابق ایف ٹی ایل حدود میں تبدیلی کی بھی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ قانون کا یکساں نفاذ غریب اور بااثر افراد، دونوں پر ہونا چاہیئے۔

DESKT

SCCL

سنگارینی کولیریز کمپنی لمیٹڈ کو قومی سطح پر ایک اہم اعزاز حاصل ہوا ہے۔ کمپنی کی پانچ کانوں، جن میں آر کے نیو ٹیک، آر کے 6 اور ضلع منچریال کی خیرہ گوڑہ اوپن کاسٹ کان شامل ہیں، کو سال 25-2024 کے لئے 5 اسٹار درجہ بندی سے نوازا گیا ہے۔ ملک بھر سے منتخب 50 کانوں میں شامل ان کانوں نے حفاظت، مزدوروں کی فلاح و بہبود اور ماحولیاتی تحفظ کے شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

PTC/MNCL

CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ضلع کھمم کے جگن ناتھ پورم میں منعقدہ بڑے رعیتّو آشیرواد سبھا سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھمم کا علاقہ ان کی سیاسی زندگی کی ترقی کا مرکز رہا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے رعیتّو بھروسہ اسکیم کے تحت ایک ہزار 9 کروڑ 15 لاکھ روپے کی امدادی رقم براہِ راست ایک کروڑ 44 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں منتقل کی اور کسانوں میں الکٹرانک پٹہ دار پاس بکس بھی تقسیم کیں۔ خطاب کے دوران انہوں نے یاد دلایا کہ جولائی 2023 میں پی سرینواس ریڈی کی کانگریس میں شمولیت کے بعد ریاست میں سیاسی تبدیلی کا آغاز ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے بڑے عوامی اجتماع سے واضح ہوتا ہے کہ عوام بدستور بی آر ایس پارٹی کو مسترد کرنے کے اپنے فیصلہ پر قائم ہیں۔

PTC/KMM

BHATTI

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ کانگریس حکومت پانچ سال کے دوران خواتین کوایک لاکھ کروڑ روپے اور 67 ہزار کروڑ روپے بلاسودی قرض فراہم کرتے ہوئے انہیں بااختیار بنارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رعیّتو آشروادسبھا کے تحت آج کسانوں کیلئے ایک ہزار 9 کروڑ روپے جاری کئے گئے۔اس موقع پر ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ عوام کی حکومت کسانوں کی فلاح و بہبود کو ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے دوسالوں کے دوران 71 ہزار سرکاری ملازمتیں فراہم کی ہیں اور آئندہ دنوں میں مزید 20 ہزار ملازمتیں دی جائیں گی۔ ریاستی وزیر نے اعلان کیا کہ دوسالوں کے اندر نقشوں کے ساتھ بدھار کارڈس جاری کئے جائیں گے۔

PTC-KMM

OO